# افسر کا فن: کلاسیکی شعریات کا جدید ترجمان


ڈاکٹر طارق قمر


گزشتہ تین دہائیوں سے زاید عرصہ دھند میں لپٹی ہوئی طویل شام کی مانند ہے، ایک ایسی دھند جو ماضی و حال کے بیچ ایک نیم شفاف پردہ تان دیتی ہے، میں اس دھند آلود منظر نامے میں نظریں گڑائے ایک خاموش راوی کی طرح کھڑا ہوا ماضی کی آتی جاتی پرچھائیوں کا مشاہدہ و محاسبہ کر رہا ہوں جب کبھی وقت کے پردے پر پڑی یہ دھند ذرا چھٹتی ہے تو یادوں کے جھروکوں سے کچھ دھندلے منظر، کچھ تھکی ماندی یادیں، کچھ تیز و مدھم آوازیں، کچھ بنتے بگڑتے نقوش اور کچھ گم گشتہ چہرے حال کے آئینے پر اس طرح ابھرتے ڈوبتے ہیں گویا وقت کسی پرانی البم کے زرد پڑ چکے اوراق میں اچانک رنگ بھرنے لگا ہو، ان روشن لمحوں میں میرا شہرِ عزیز (سنبھل) ایک خواب کی مانند میرے سامنے آ کھڑا ہوتا ہے اور پھر یہاں کے بہت سے گلی کوچے در و دیوار اور مکان و مکین سب اپنی اپنی کہانیاں سنانے لگتے ہیں۔۔۔ کچھ یادیں اتنی روشن ہیں کہ شمعِ روح کو جلا بخشتی ہیں، کچھ اتنی ضیاء بار ہیں کہ ذہن کو روشنی کا استعارہ بنا دیتی ہیں۔ اس عرصے میں محبتوں اور شفقتوں سے لبریز ایسے چہرے بھی ملے جنہوں نے زندگی کو گلزار بنا دیا، کچھ ایسے ہمدرد و چارہ ساز بھی میسر آئے جنہوں نے تعلق کے زخموں کو اس سلیقے سے مندمل کیا کہ شکایتوں کے نشان تک باقی نہ رہے، اور اسی کاروانِ حیات میں منافقت کے لبادوں میں ملبوس کچھ ایسے کوفہ مزاج دوست بھی ساتھ رہے جنہوں نے زندگی کو کربلا بنانے کی حتی الامکان کوشش کی اور پھر ان کے اپنے وجود ہی سوالیہ نشان بن کر رہ گئے۔۔۔ زندگی شاید کسی ایک رنگ کا نام نہیں، بلکہ ایک مکمل پینٹنگ ہے جس میں روشنی بھی ہے، تاریکی بھی،، تلخیاں بھی ہیں اور مٹھاس بھی سکھ دکھ اور دھوپ چھاؤں کی سرگوشیاں بھی ہیں، شور و ہنگامے بھی اور ان سب کے بیچ ایک ذہین اور پروقار خاموشی بھی کمال یہ ہے کہ یہی چپ، یہی خاموشی زندگی کی سب سے بلند آواز ہے کیونکہ تاریخ اس خاموشی کی گواہی کو محفوظ کر لیتی ہے۔

دھند چھٹ رہی ہے اور میں سوچ رہا ہوں کہ منظر نامہ کتنی تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے، ہمارے اثاثے نذرِ سیلاب ہوتے جا رہے ہیں، ہمارے لفظ ہمارے خواب اور ہمارے خوابوں کے محافظ نقش بر آب ہوتے جا رہے ہیں۔ یقین و گمان کے ان دھندلکوں اور اندھیروں کے درمیان جگنوؤں کی طرح چمکنے والی امیدیں اور آرزوئیں جینے کا حوصلہ فراہم کرتی ہیں۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ انہی حسد سے مسخ ہوتے چہروں، بے صلاحیت عیاروں، کم نسب مکاروں، دھندلے کرداروں، مکر آلود نگاہوں اور ماند پڑتے ضمیروں کی بھیڑ میں ابھی کچھ قندیلیں، نور کے چند مینارے اور کچھ روشن چراغ موجود ہیں جو اپنی درخشندگی، فکری روشنی، بصیرت اور کردار سے اس شہر کی فضا کو نہ صرف منور کئے ہوئے ہیں، بلکہ اسکی سماجی و ادبی زندگی کے ضامن بھی ہیں، اس نورانی کہکشاں میں چچا محترم جناب سید حسین افسر صاحب کی شخصیت ایک روشن ستون کی طرح ایستادہ دکھائی دیتی ہے، وہ روشنی کے ایک ایسے مینار کی طرح ہیں جس کے اجالے میں سنبھل کے ادبی خد و خال بہت صاف اور نمایاں نظر آتے ہیں۔ ان کی ذات خلوص کی لو سے روشن اس چراغ کی مانند ہے جس کے رخ پر باطن کی پاکیزگی، ضمیر کی چمک اور کردار کی آب و تاب صاف طور پر دیکھی جا سکتی ہے، یہ اس چراغ کی طرح ہیں جس کی روشنی جمالِ فن سے ہم آہنگ ہو کر اردو زبان و ادب کی تہذیبی شائستگی اور ثقافتی نزاکت و لطافت کی آئینہ دار ہو جاتی ہے، یہ چراغ نہ صرف خود جلتا ہے، بلکہ دوسروں کو بھی جلنے، روشنی بانٹنے، اور اندھیروں سے نبرد آزما ہونے کا سلیقہ اور حوصلہ عطا کرتا ہے، حسین افسر صاحب شہر کے ادبی رشتوں کو جس خلوص و محبت، شعور و فکر کی گہرائی اور ظرف کے ساتھ نبھاتے ہیں اس کی کوئی دوسری نظیر نہیں، مطلعِ ادب صاف ہو رہا ہے اور میں سید حسین افسر صاحب کو دیکھ کر سوچ رہا ہوں کہ کس مٹی کے بنے ہوتے ہیں یہ لوگ جو انسانیت کی اعلیٰ و ارفع قدروں کے امین ہوتے ہیں، وقت کے بے ہنگم شور، طنز و تمسخر، طعن و تشنیع، غیبت و الزام اور تحقیر و تضحیک کے اندھیروں میں بھی شائستگی، خاموشی، صبر و ضبط اور درگزر کے چراغ روشن کئے رہتے ہیں، اپنے سے کم علم، کم عمر، کم حیثیت، اور بعض اوقات کم ظرف لوگوں کی نشستوں اور تقریبات میں شریک ہو کر ان کے اعزاز و ایوارڈ پر خوشی کا اظہار کرتے ہیں، یہ لوگ محض ادبی محافل و مجالس کی زینت نہیں ہوتے بلکہ دل کی مسند اور تہذیبی شعور کے امین بنتے ہیں، محفلوں میں صبر و سکون کے پیکر نظر آتے ہیں اور اپنی تنہائی میں بھی خدا سے شکوے کرنے کے بجائے اس کے حضور صبر و شکر کے سجدے ادا کر کے آدمی و انسان کے فرق کو واضح کرتے رہتے ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ جب روحِ باطن کی خلوتوں میں نُور آشنا ہوتی ہے، تو پیرایۂ اظہار میں ایک لطافت، ایک تقدیس در آتی ہے۔ ایسے میں الفاظ محض صوتی اجزاء نہیں رہتے، بلکہ وہ ایک باطنی روشنی کے حامل اور سفیر بن جاتے ہیں۔ گفتگو میں تاثیر پیدا ہو جاتی ہے، اور لہجہ صداقت کے رنگوں سے جگمگانے لگتا ہے۔

غزل ہو یا نظم، نعت و سلام ہوں یا منقبت و قطعات جناب حسین افسر کی تخلیقات میں ایک ایسی وحدتِ جمال پنہاں ہے جو محض لفظوں کا ترتیب شدہ سلسلہ نہیں بلکہ ایک روحانی ہم آہنگی کا مظہر ہے۔ ان کی شاعری روایتی اقدار کی امین و پاسدار ہوتے ہوئے بھی جدید ہواؤں سے ہمکلام ہوتی ہے۔ وہ سوز و کرب، عقل و عشق، ادراک و عرفان اور فن و وجدان کو اس ندرت سے یکجا کرتے ہیں کہ ان کی تخلیق ایک ایسا عارفانہ تجربہ بن جاتی ہے جسے صرف پڑھا ہی نہیں جاتا محسوس بھی کیا جاتا ہے؛ یہ تجربہ صرف ذہن کو ہی نہیں، روح کو بھی روشن کرتا ہے۔ یہی شعری رجحانات، لفظیاتی نظام اور معنوی توازن ان کے یہاں ایک ایسی شاعرانہ کائنات تخلیق کرتا ہے جس میں لفظ محض اظہار کا وسیلہ نہیں، مشعلِ راہ بن جاتا ہے۔ حمدیہ اور نعتیہ شاعری میں ان کا قلم جس تقدیس سے ہمکنار ہوتا ہے، وہ ان کے باطن کی پاکیزگی کا مظہر ہے۔ جب وہ منقبت اور سلام کہتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے جیسے الفاظ کسی مقدس جذبے کے وفور میں آنسوؤں سے غسل کر کے قرطاس پر اتر رہے ہوں۔ ان کے یہاں حمد محض رب کی مدح سرائی نہیں بلکہ اُس قربِ الٰہی کی ایک خاموش التجا ہے جو صوفیوں کے قلوب میں تڑپ بن کر جاگزیں ہوتی ہے۔


ہر نفس زندہ ہے بارانِ کرم سے تیرے
جز ترے کوئی نہیں ہے تری مخلوق کا رب
سب ہی محتاجِ کرم ہیں ترے اے ربِّ کریم
سب ہی منگتے ہیں ترے در کے عجم ہوں کہ عرب

نعتیہ تخلیق میں ان کا اسلوب عقیدت و عشق کا ایسا والہانہ امتزاج ہے، جس میں نہ مبالغہ ہے، نہ فنی نمائش بلکہ ایک سادہ، پُر اثر، اور عارفانہ لہجہ جو دل پر براہِ راست اثر کرتا ہے، لفظیاتی تقدیس انہیں لسانی تہذیب کا حوالہ بناتی ہے اور ان کا عارفانہ لہجہ انہیں تہذیبِ علم و فن اور معرفت وجدان کے استعارے کی شکل میں سامنے لاتا ہے۔۔۔۔

نعت گوئی کی بڑی آسان سی تدبیر ہے
پڑھ دیا قرآں محمد کا قصیدہ ہوگیا
عرش کی تعریف بس یہ ہے ازل سے عرش تھا
ان کے قدموں کو چھوا عرشِ معلّیٰ ہوگیا
کیسا امّی تھا کہ جس سے بھیک لیتے ہیں علوم
کیسا بے سایہ تھا دو عالم کا سایہ ہوگیا
اس رسالت کی گواہی جب سے شامل ہوگئی
کلمۂ توحید تیرا سر بھی اونچا ہوگیا

سید حسین افسر سنبھلی کا جمال و کمال صرف مذہبی شاعری تک ہی محدود نہیں ہے۔ اُن کی غزل اور نظم بھی معنویت کی انہی گہرائیوں اور غاروں سے نکلی ہوئی پُرکیف و پُراثر آوازوں کی طرح ہیں جن کے سحر اور بازگشت سے بچنا محال ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ غزل کا وہ آتشیں الاؤ، وہ شعلہ جو میر سے غالب، غالب سے داغ، داغ سے باغ و اشک اور غفور و معجز سے عقیل و نسیم تک فنِ خرمن میں مسلسل دہکتا اور لپکتا رہا، حسین افسر کے یہاں بھی اپنی پوری تاب و توانائی کے ساتھ روشن ہے۔۔۔

یہی خیال تو اب باعثِ اذیّت ہے
بجز خیال مرا کوئی ہم خیال نہیں



**سید حسین افسر سنبھلی کا جمال و کمال صرف مذہبی شاعری تک ہی محدود نہیں ہے۔ اُن کی غزل اور نظم بھی معنویت کی انہی گہرائیوں اور غاروں سے نکلی ہوئی پُرکیف و پُراثر آوازوں کی طرح ہیں جن کے سحر اور بازگشت سے بچنا محال ہی نہیں بلکہ نا ممکن ہے۔ غزل کا وہ آتشیں الاؤ، وہ شعلہ جو میر سے غالب، غالب سے داغ، داغ سے باغ و اشک اور غفور و معجز سے عقیل و نسیم تک فنِ خرمن میں مسلسل دہکتا اور لپکتا رہا، حسین افسر کے یہاں بھی اپنی پوری تاب و توانائی کے ساتھ روشن ہے۔**

یاد کیوں آئے یہ تو یاد نہیں
تم مگر یاد بار بار آئے
جنوں کے ہاتھ سے اب منصبِ جنوں بھی گیا
خرد کے ہاتھ میں پتھر ہے کیا کیا جائے
ایک احساس رقص کرتا ہے
کارواں ہے نہ اب غبار میاں

انہوں نے زبانِ داغ کی اس شعلگی کو نہ صرف فروزاں رکھا بلکہ اپنی غزلوں کو اس کی آنچ سے ساز و سوز، تاثیر اور تہذیب بھی عطا کی ہے۔ ان کی شاعری فرد، معاشرے اور زمانے کے باہم ربط کو اس سلیقے اور فنی شعور کے ساتھ بیان کرتی ہے کہ روایت محض ماضی پرستی نہیں رہتی بلکہ ایک شعوری تخلیقی عمل بن جاتی ہے جو وقت کے ساتھ نئی جہتیں اور نئی معنویت اجاگر کرتا ہے۔ اگرچہ ان کی غزلیں کلاسیکی سانچوں میں ڈھلی ہوئی محسوس ہوتی ہیں، مگر ان میں فکری گہرائی، جذبے کی شائستگی اور طرزِ احساس کی لطافت ایسی ہے جو انہیں محض روایت کی تقلید بننے سے بچاتی ہے، اور انہیں ایک منفرد صوت اور اسلوب عطا کرتی وہ میر کی سادگی، غالب کی فکری گہرائی، داغ کی لطافت، اقبال کی خودی اور جگر کی وارفتگی سے آگاہ اور متاثر ضرور ہیں، مگر ان سب کے باوجود ان کی غزل کا ایک الگ آہنگ ہے ہی ایک ایسی فضا ہے جس میں قاری کو ماضی کی خوشبو بھی ملتی ہے اور حال کی تپش کا احساس بھی ہوتا ہے۔

گھبرا گئے تھے دیکھ کے تم جس کو دفعتاً
دستِ دعا تھا وہ کوئی دستِ طلب نہ تھا
اب تو اہلِ دانش بھی زیست کے مسائل پر
سوچتے بہت کم ہیں بولتے زیادہ ہیں
زندگی تو بھی نہیں آخری منزل میری
اک سفر اور ہے اس تیرے سفر سے آگے

انہوں نے اپنی غزلوں میں رومان و روحانیت کو اس طرح باہم آمیز کیا ہے کہ دونوں کیفیتوں اور جذبوں کو الگ کرنا مشکل نظر آتا ہے ان کا محبوب کبھی سراپا جمال ہے تو کبھی آئینہ حق پر منعکس ہونے والی وہ تجلی ہے جو موسیٰ کو بے خود و بے ہوش کر دیتی ہے، ان کے یہاں ہجر صرف وصال کی ضد نہیں بلکہ ایک ایسی کیفیت ہے جو سرزمینِ دل پر معرفت کے سبزے اگاتی ہے۔ ان کی غزل میں سکوتِ خلوت تجلّی فنا اور وصال جیسے مضامین شعوری طور پر نہیں بلکہ جذب کی کیفیت میں وارد ہوتے ہیں اسی لئے ان کی غزل درد کی لذتوں میں مسکراتی اور عرفان کی روشنی میں نہاتی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔

اک معمّہ اک پہیلی زندگی
مرحلے سو اور اکیلی زندگی
کیا سفر کیا راستہ کچھ بھی نہیں
عزم ہو تو فاصلہ کچھ بھی نہیں
قہقہوں کو سنبھال کر رکھئے
کام آئیں گے غم چھپانے میں
کون کیا کہہ رہا ہے میرے لئے
اب یہ احساس بھی نہیں ہوتا
آئینہ اپنے رو بہ رو رکھ کے
ہم نے خود سے بھی گفتگو کی ہے

فراقِ محبوب کی اذیّت ہو یا وصل کے لمحوں کی لذت ہی یہ سب کچھ عرفانِ ذات اور اشتیاقِ حق کی کیفیتوں سے لبریز ہے۔ خاص بات یہ ہے کہ وہ درد جو جناب حسین افسر کی شاعری میں بہتا ہے، اُس کا منبع دل کا زخم نہیں بلکہ روح کی پیاس ہے۔ یہی تو وہ پیاس ہے جو اُن کے اشعار کو عام عشقیہ شاعری سے بلند کر کے ایک متصوفانہ تجربہ بنا کر اپنے قاری کو حال و دھمال کی مختلف کیفیتوں سے آشنا و ہمکنار کرتی ہے۔ ان کی نظموں سے گزرتے ہوئے بھی ہمارے ذہن و ادراک پر ایک نیا جہانِ معنی وا ہوتا ہے جو ہمیں یہ احساس کراتا ہے کہ بھرپور غزل کہنے والے شاعر کے لئے نظم کی تخلیق صرف اسلوب کی تبدیلی نہیں بلکہ شعور کی ایک ارتقائی منزل طے کرنے والی وہ تحریک ہے جس نے انسان کے داخلی کرب، فکری انتشار، وجودی الجھنوں اور سماجی بے ترتیبی کو اظہار کا مرکزی محور بنا لیا ہے۔ غزلوں کی طرح ان کی نظموں میں بھی داخلی تڑپ، جذبوں کی صداقت خیال کی ندرت اور احساس کی شدت موجود ہے۔ موضوعات کی سطح پر جدید شعور اور اظہار کی سطح پر روایت کا وقار اُن کی نظموں میں بھی جھلکتا ہے۔ ایک نظم نگار کی حیثیت سے وہ اپنے قاری و سامع کو کوئی معنی دینے کے بجائے ایسا تجربہ فراہم کرتے ہیں جو قاری و سامع کو اپنی سطح پر معنویت کی تشکیل پر مجبور کرتا ہے یہ خصوصیت انہیں صرف ایک نظم نگار نہیں بلکہ نظم کا فکری معمار بناتی ہے۔۔۔ مشہور نظم یومِ تعلیم سے ماخوذ یہ بند ملاحظہ فرمائیے۔۔۔

جس نے سدا بلند کیا علم کا وقار
ملّت کو جس کے قول ورم پہ تھا اعتبار
احباب کا محب تھا پڑوسی کا جاں نثار
دراصل جو تھا اپنے پرائے کا غم گسار
وہ عظمتوں کا پیکرِ اعلیٰ نہیں رہا
ہم سب میں جو تھا بہتر و یکتا نہیں رہا


سید حسین افسر کی شاعری کا سب سے بڑا وصف یہ ہے کہ یہ شاعری قاری کو صرف فکری مسرت یا لسانی چاشنی ہی عطا نہیں کرتی، بلکہ اُسے اپنے اندر جھانکنے پر مجبور کرتی ہے۔ یہی وہ خصوصیت ہے جو کسی شاعر کو عام فنکار نہیں بلکہ عارفِ سخن بناتی ہے۔ ان کی شاعری میں جو وجدانی کیفیت ہے، جو سکوت میں بھی صدا کی صورت چھپی ہوئی ہے، وہ ہمیں بتاتی ہے کہ حسین افسر کا لفظ روح کی زبان بولتا ہے۔۔۔ ان کی شاعری اس نکتہ کو اجاگر کرتی ہے کہ بڑا ادب محض الفاظ کا تانا بانا نہیں، بلکہ وہ صدائے باطن ہے جو انسانی وجود کے نہاں خانوں سے ابھرتی ہے۔ ان کی نظمیں اور غزلیں اس باطنی صدا کی ترجمان ہیں، جو فرد کے داخلی تجربے کو ایسے صوتی پیکر میں ڈھالتی ہے جو شخصی ہونے کے باوجود بھی آفاقی ہوتا ہے۔ دورانِ تخلیق وہ کسی اجتماعی صداقت کی تلاش میں اپنے وجود سے باہر نکلتے ہوئے محسوس نہیں ہوتے، بلکہ وہ اپنی ذات کی تہہ در تہہ گہرائیوں میں اترتے چلے جاتے ہیں۔ حسین افسر کا یہ استغراق یہ تنہاپسندی ایک معمولی گوشہ گیری نہیں بلکہ ایک فکری خلوت ہے ہی ایسی خلوت جو خارجی شور کو نہ صرف سن سکتی ہے، بلکہ اسے جذب کر کے ایک نئی معنویت میں ڈھال دیتی ہے۔ یہ وہ تنہائی ہے جو سطحی ہنگاموں سے محفوظ رہ کر بھی ان سے غافل نہیں ہوتی بلکہ وہ اپنی خاموشی میں سماجی شعور کی دھڑکن کو سننے کی قوت رکھتی ہے۔ سید حسین افسر کی شاعری اس باطنی ارتعاش کی آئینہ دار ہے جو خارجی مظاہر سے نہیں، بلکہ انسانی نفس کی گہرائیوں سے ابھرتا ہے۔ ان کی شاعری اس درویشی اسلوب سے مشابہ ہے جس میں ایک مجذوب، خلوت نشین ہو کر اپنے زخموں کو کریدتا ہے ہی مگر یہ کرید محض شخصی کرب کا اظہار نہیں، بلکہ سماج کے زخموں کی تفہیم اور ان کے مداوے کی ایک خاموش کوشش ہوتی ہے۔ یہی وہ لطیف روحانی تناظر ہے جو ان کی شاعری کو محض سخنکاری نہیں، بلکہ ایک فکری ریاضت بنا دیتا ہے۔۔۔

کیا ہُوا بیٹھے بٹھائے ضبطِ غم کے باوجود
آنکھ کے کاجل کو کس کی یاد نے پھیلا دیا
کرتا میں جس کو دیکھ کے خود اپنا احتساب
میری نظر میں ایسا کوئی آئینہ نہ تھا
خود شناسی کی تمنا اور پاتی ہے فروغ
میرے منہ پر جب کبھی مجھ کو بُرا کہتے ہیں لوگ

حسین افسر سنبھلی کا شعر روحانی قرطاس پر ہجر کا تڑپتا ہوا آنسو اور ان کی نظم ایک فکری مراقبہ ہے، اسی لیے انکی شخصیت ہمہ جہت جمال کا پیکر ہے ہی بزرگوں کے لئے احترام، دوستوں کے لیے خلوص، اور چھوٹوں کے لیے محبت و حوصلہ افزائی کے صادق جذبے رکھنے والے ایسے لوگ اب نایاب ہیں۔۔۔ وہ تبریکِ الٰہی ہیں، گھنے درختوں کے مہربان و شفیق سائبان کی طرح ہیں، خدا کرے کہ ہمارے سروں پر اس سائے کا تسلسل قائم رہے اور ہمارے شہرِ عزیز سنبھل کی تہذیبی شناخت، اس کا فکری مزاج، اور اس کا تخلیقی مکالمہ ان کی شکل میں سلامت و زندہ رہے۔۔

✿✿✿✿

# شبلی نعمانی کی نظر میں وقف کا تمدنی و معاشی کردار




ڈاکٹر محی الدین آزاد فراہی


وقف اسلامی نظامِ معاشرت کا ایک بنیادی ستون ہے، جو صدیوں سے مسلم امت کے سماجی، تعلیمی، اور معاشی استحکام کی ضمانت دیتا رہا ہے۔ یہ نہ صرف ایک خیراتی عمل ہے بلکہ ایک تہذیبی و معاشی ڈھانچہ ہے جو عدل، احسان، اور بقائے باہمی کے اسلامی اصولوں کو عملی شکل دیتا ہے۔ علامہ شبلی نعمانی (19141857)، برصغیر کے ممتاز عالم، مورخ، اور مصلح، نے وقف کی اس عظیم صلاحیت کو گہرائی سے سمجھا اور اسے مسلم معاشرے کے احیاء کے لیے ایک کلیدی آلہ قرار دیا۔ ان کا نظریہ روایت کی گہرائی اور جدیدیت کے تقاضوں کا امتزاج تھا، جو دینی اقدار کی پاسداری کے ساتھ سماجی و معاشی ترقی کا نقشہ پیش کرتا تھا۔

شبلی نے وقف کو ایک جامد مذہبی رسم کے بجائے ایک متحرک، مستقبل ساز ادارے کے طور پر دیکھا، جو نوآبادیاتی غلامی، فکری زوال، اور معاشی پسماندگی سے نجات دلا سکتا تھا۔ ان کی تحریر ٭رسالہ وقف علی الاولاد، حیاتِ شبلی٭ اور دیگر آثار اس وژن کی گہری عکاسی کرتے ہیں۔ یہ مضمون شبلی کے نظریہ وقف کا جائزہ پیش کرتا ہے، جو ان کی تحریروں، خصوصاً ٭مسئلہ وقف علی الاولاد٭، اور سید سلیمان ندوی کی کتاب ٭حیاتِ شبلی٭ کی روشنی میں مرتب کیا گیا ہے۔ مضمون وقف کے تعلیمی، سماجی، اور معاشی کردار کو بیان کرتا ہے اور اس کی معاصر اہمیت و عالمی مطابقت کو واضح کرتا ہے۔

### *تاریخی تناظر: بحران کا دور اور شبلی کا عروج*

شبلی نعمانی ایک ایسے دور میں ابھرے جب مسلم معاشرہ گہرے بحران سے دوچار تھا۔ مغلیہ سلطنت کے زوال اور برطانوی راج کے غلبے نے مسلم معاشرے کی معاشی، فکری، اور سماجی بنیادیں ہلا دی تھیں۔ برطانوی پالیسیوں نے وقف جائیدادوں کو "اصلاحات" کے نام پر ضبط کیا، جس سے مساجد، مدارس، اور خیراتی اداروں کی مالی خودمختاری شدید متاثر ہوئی۔ مغربی تعلیم اور سیکولر نظریات نے روایتی اسلامی علوم اور مسلم شناخت کو چیلنج کیا۔

شبلی، جنہوں نے دینی علوم کے ساتھ مغربی فکر کی گہری سمجھ حاصل کی تھی، اس بحران کو ایک موقع کے طور پر دیکھتے تھے۔ انہوں نے روایت اور جدت کے درمیان توازن کی ضرورت پر زور دیا۔ سرسید احمد خان کے علی گڑھ تحریک سے وابستگی اور ندوۃ العلماء کے قیام میں ان کا کردار اسی مقصد کی طرف ایک قدم تھا۔ شبلی کے نزدیک، وقف ایک ایسی قوت تھی جو ماضی کے تہذیبی ورثے کو محفوظ رکھنے کے ساتھ مستقبل کے خودکفیل مسلم معاشرے کی بنیاد رکھ سکتی تھی۔

### *تعلیمی احیاء: وقف کی فکری قوت*

شبلی نے تعلیم کو معاشرتی ترقی کا سنگِ بنیاد سمجھا اور وقف کو تعلیمی اداروں کے مالی استحکام اور فکری آزادی کا ذریعہ قرار دیا۔ ان کا تعلیمی وژن دو اہم اصولوں پر مبنی تھا:

### *1. روایتی مدارس کی جدید کاری*

شبلی نے روایتی مدارس کے فرسودہ نصاب اور غیر مستحکم مالی ڈھانچے کو مسلم معاشرے کی پسماندگی کی بڑی وجہ قرار دیا۔ انہوں نے وقف کو اس زوال سے نجات کا ذریعہ بنایا۔ ٭حیاتِ شبلی٭ میں سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں کہ شبلی "مدارس کو مالی خودمختاری اور جدید علوم سے آراستہ کرنے کے لیے وقف کے کردار کو کلیدی سمجھتے تھے۔"

– ٭انفراسٹرکچر کی تعمیر٭: شبلی نے تجویز کیا کہ وقف سے کتب خانوں، سائنسی لیبارٹریوں، اور طلبہ کے ہاسٹلوں کی تعمیر ممکن ہے۔ ندوۃ العلماء اس وژن کی زندہ مثال تھی، جہاں دینی علوم کے ساتھ انگریزی، سائنس، اور ریاضی کو نصاب کا حصہ بنایا گیا۔ یہ ادارہ وقف کی آمدنی سے چلتا تھا، جو اسے مالی خودمختاری بخشتا تھا۔

– ٭فکری آزادی٭: وقف سے حاصل آمدنی نے تعلیمی اداروں کو بیرونی مداخلت سے آزاد رکھا، جو شبلی کے نزدیک فکری آزادی اور دینی تشخص کے لیے ناگزیر تھا۔

### *2. تنقیدی فکر کا فروغ*

شبلی نے حفظ پر مبنی تعلیم کے مقابلے میں تنقیدی اور تحقیقی علوم کی ضرورت پر زور دیا۔ ان کا جریدہ ٭رسالۂ ندوہ٭، جو وقف کی مالی اعانت سے چلتا تھا، علما کو تاریخ، فلسفہ، اور جدید علوم سے روشناس کراتا تھا۔ یہ جریدہ فکری بیداری کا ایک اہم پلیٹ فارم بنا۔ شبلی کا استدلال تھا کہ وقف سے چلنے والے ایسے پلیٹ فارم مسلم امت کی فکری ترقی کے لیے ناگزیر ہیں۔

### *سماجی بہبود: وقف اور اسلامی فلاحی نظام*

شبلی کا نظریہ وقف اسلامی فلاحی ریاست کے تصور سے گہرا متاثر تھا، جو ریاستِ مدینہ میں خیراتی عطیات کے ذریعے غریبوں، یتیموں، اور عوامی سہولیات کی کفالت کرتی تھی۔ انہوں نے وقف کو ایک سماجی ڈھانچہ قرار دیا جو عدل و احسان کے اسلامی اصولوں کو عملی شکل دیتا تھا۔ ان کی تحریر ٭وقف علی الاولاد٭ میں وہ لکھتے ہیں:

("وقف ایک ایسی شرعی تدبیر ہے جو نہ صرف خاندان کی معاشی حفاظت کرتی ہے بلکہ معاشرے کی فلاح و بہبود کو مستقل بنیادوں پر یقینی بناتی ہے۔")

ان کے اس وژن کے اہم پہلو یہ ہیں:

### *1. غربت کا خاتمہ*

شبلی نے غربت کو مسلم معاشرے کی سب سے بڑی کمزوری قرار دیا اور وقف کو اس کے خاتمے کا موثر ذریعہ سمجھا۔ انہوں نے زکات اور وقف کے امتزاج سے ایک جامع فلاحی نظام کی تجویز دی۔ حیدرآباد اور لکھنؤ کے وقف سے چلنے والے ہسپتال، یتیم خانے، اور لنگر خانوں نے اس کی عملی مثال پیش کی۔ شبلی نے وقف کی آمدنی سے بے سود قرضوں (قرضِ حسنہ) کی فراہمی کی وکالت کی، جو کسانوں اور ہنرمندوں کو خودکفیل بناتا تھا۔ یہ نظریہ بعد میں جدید اسلامی بینکنگ کا اہم اصول بنا۔

### *2. خواتین کی ترقی*

شبلی نے مردسالار سماجی نظام کو غیر اسلامی رجحان قرار دیا اور خواتین کی تعلیم و ترقی کے لیے وقف کے استعمال کی حمایت کی۔ ٭حیاتِ شبلی٭ کے مطابق، ان کا موقف تھا کہ "خواتین کی تعلیمی و معاشی خودمختاری کے بغیر مسلم معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا۔" علی گڑھ اور لکھنؤ میں وقف سے قائم لڑکیوں کے اسکول اور وظائف اس وژن کی عملی تعبیر تھے۔

### *3. عوامی سہولیات کی فراہمی*

شبلی نے وقف کو پانی کے کنوؤں، مسافر خانوں، اور مساجد کی تعمیر کا ذریعہ قرار دیا۔ انہوں نے عثمانی اور مغلیہ دور کے وقف پر مبنی پل اور بازاروں کی مثالیں دیں، جو سماجی ہم آہنگی اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیتے تھے۔ ان کا استدلال تھا کہ یہ سہولیات اسلامی معاشرے کی تہذیبی عظمت کی عکاسی کرتی ہیں۔

### *معاشی خودکفالت: وقف کا معاشی کردار*

شبلی نے وقف کو معاشی ترقی کا پائیدار ذریعہ قرار دیا، جو مسلم معاشرے کو نوآبادیاتی استحصال سے نجات دلا سکتا تھا۔ ان کے معاشی وژن کے کلیدی پہلو یہ ہیں:

### ٭1. پائیدار آمدنی کے ذرائع٭

شبلی نے وقفِ خیری اور وقفِ اہلی دونوں کی حمایت کی، لیکن ان کا زور تجارتی وقف پر تھا۔ ٭مسئلہ وقف علی الاولاد٭ میں وہ لکھتے ہیں: "وقف کی آمدنی سے نہ صرف خاندان بلکہ پورا معاشرہ مستفید ہو سکتا ہے، بشرطیکہ اسے مستقل اور پیداواری ذرائع سے منسلک کیا جائے۔" وقف جائیدادیں ہی جیسے دکانیں، بازار، اور زرعی زمینیں ہی کرائے اور پیداوار سے آمدنی پیدا کرتی تھیں۔ دہلی کا قیصریہ بازار اس کی نمایاں مثال ہے۔

### *2. نوآبادیاتی استحصال کے خلاف مزاحمت*

برطانوی راج نے وقف جائیدادوں کو ضبط کر کے مسلم معاشرے کی معاشی کمر توڑ دی تھی۔ شبلی نے علما کو وقف کی دستاویزات جمع کرنے اور ان کا قانونی دفاع کرنے کی ترغیب دی۔ ٭حیاتِ شبلی٭ کے مطابق، ان کا استدلال تھا کہ "وقف کی حفاظت ایک دینی فریضہ ہے جو نوآبادیاتی استحصال کے خلاف مزاحمت کی ایک شکل ہے۔" ان کی یہ تجویز بعد میں وقف بورڈز کے قیام کی بنیاد بنی۔

### *چیلنجز: قدامت پسندی اور انتظامی مسائل*

شبلی کے نظریات کو قدامت پسند علما کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا، جو وقف کی جدید کاری کو مغرب زدگی سمجھتے تھے۔ ٭حیاتِ شبلی٭ میں ذکر ہے کہ شبلی نے ان تنقیدوں کا مقابلہ فکری دلیل اور عملی اصلاحات سے کیا۔ آزادی کے بعد، ہندوستان اور پاکستان میں وقف کے انتظامی مسائل ہی بدعنوانی، ناقص ریکارڈ کیپنگ، اور قانونی تنازعات ہی نے ان کے وژن کو چیلنج کیا۔ تاہم، ان کے خیالات نے جدید اسلامی بینکنگ اور اصلاحی تحریکات کو متاثر کیا۔

### *عالمی مطابقت: وقف کا عالمگیر وژن*

شبلی کا نظریہ وقف آج کے عالمی تناظر میں بھی غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ جدید اسلامی مالیاتی نظام، جس کی مالیت 2024 تک 4 ٹریلین ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے، وقف کو پائیدار ترقیاتی ماڈل کے طور پر دیکھتا ہے۔ ملائیشیا، ترکی، اور خلیجی ممالک میں وقف پر مبنی یونیورسٹیاں اور ہسپتال شبلی کے وژن کی عملی مثالیں ہیں۔ اسلامی ترقیاتی بینک جیسے عالمی ادارے وقف کو پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔

### *معاصر چیلنجز اور مستقبل کی راہ*

ہندوستان میں 8 لاکھ سے زائد وقف جائیدادیں ہیں، لیکن بدعنوانی اور ناقص انتظام ان کی صلاحیت کو محدود کر رہے ہیں۔ شبلی کے وژن کو زندہ کرنے کے لیے ڈیجیٹلائزیشن، قانونی اصلاحات، اور عوامی بیداری ضروری ہے۔ ان کا استدلال کہ وقف کی حفاظت اور موثر استعمال مسلم معاشرے کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے، آج بھی درست ہے۔

### *نتیجہ: ایک تہذیبی دعوت*

شبلی نعمانی کا نظریہ وقف ایک منطقی اور انقلابی وژن تھا، جو اسلامی اقدار کو جدید اصلاحات سے جوڑتا تھا۔ انہوں نے وقف کو تعلیم، سماجی بہبود، اور معاشی خودکفالت کا ذریعہ بنا کر ایک باوقار مسلم معاشرے کی بنیاد رکھی۔ ٭مسئلہ وقف علی الاولاد٭ اور ٭حیاتِ شبلی٭ کی روشنی میں ان کا وژن آج بھی غربت، تعلیمی تفاوت، اور معاشی عدم مساوات کے حل کے لیے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ شبلی کا وقف پر مبنی تہذیبی وژن ایک روشن مینار ہے، جو ہمیں عدل، احسان، اور بقائے باہمی کے اصولوں پر مبنی ایک بہتر مستقبل کی طرف بلاتا ہے۔

□□

